# بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاول پور۔

## شیڈول انٹرمیڈیٹ امتحانات

**مورخہ 17-01-2026**

عنوان: **انٹرمیڈیٹ اور علوم السنہ شرقیہ فرسٹ سالانہ (First Annual) امتحانات 2026ء کے آن لائن داخلہ فارم، فیس اور ہارڈ کاپی کی وصولی کا شیڈول۔**

نمبر 393 ریمٹنگ مطلع کیاجاتا ہے کہ بہاول پور بورڈ کے زیراہتمام انٹرمیڈیٹ اور علوم السنہ شرقیہ فرسٹ سالانہ (First Annual) امتحانات 2026ء کا انعقاد **مورخہ 20۔مئی 2026۔ بروز بدھ** سے ہوگا۔اس امتحان میں شامل ہونے والے جملہ ریگولر اور پرائیوٹ امیدواران کے داخلہ فارم آن لائن کرنے اور داخلہ فارم کی ہارڈ کاپی وداخلہ فیس کے بینک چالان کی بورڈ ہذا میں وصولی کا شیڈول درج ذیل ہے:۔

| نمبرشمار | شیڈول | ریگولر/پرائیوٹ امیدواران کیلئے |
|---|---|---|
| 1 | بغیرلیٹ فیس کے | 19-01-2026 تا 11-02-2026 |
| 2 | دوگنا فیس کے ساتھ | 12-02-2026 تا 24-02-2026 |
| 3 | تین گنا فیس کے ساتھ | 25-02-2026 تا 09-03-2026 |

**الف۔ داخلہ فیس، پروسیسنگ فیس اور سرٹیفیکیٹ فیس کی شرح**

| تفصیل | سنگل پارٹ (ریگولر) | سنگل پارٹ (پرائیویٹ) | پارٹ فرسٹ اینڈ سیکنڈ/کمپوزٹ (ریگولر) | پارٹ فرسٹ اینڈ سیکنڈ/کمپوزٹ (پرائیویٹ) |
|---|---|---|---|---|
| سائنس گروپ یا ایسے مضامین جن میں عملی امتحان ہو | 850 | 900 | 1700 | 1800 |
| آرٹس گروپ یا ایسے مضامین جن میں عملی امتحان نہ ہو | 800 | 850 | 1600 | 1700 |
| پروسیسنگ فیس | 730 | 730 | 730 | 730 |
| ڈویلپمنٹ فنڈ | 300 | 300 | 300 | 300 |
| سرٹیفکیٹ فیس (صرف ایک مرتبہ) | 930 | 930 | ---- | 930 |

**ب۔ علوم السنہ شرقیہ**

| داخلہ فیس | رجسٹریشن | ڈویلپمنٹ فنڈ | پروسیسنگ فیس | سرٹیفیکیٹ فیس |
|---|---|---|---|---|
| -/1000روپے | -/1170روپے | -/300روپے | -/730روپے | -/930روپے |

**﴿1﴾ ضروری تاکید/ہدایات برائے سربراہان تعلیمی ادارہ جات/پرائیویٹ امیدواران۔**

(i) ایسے امیدواران جو بورڈ ہذا سے انرولمنٹ/رجسٹریشن نہیں کرواسکے تھے وہ داخلہ فیس کے علاوہ رجسٹریشن فیس = -/1170روپے، سپورٹس فیس=-/200روپے، سکالرشپ فیس=-/120روپے (کل مبلغ-/1490روپے) جمع کروائیں گے۔

(ii) تمام امیدواران سے QR کوڈ کی مد میں مبلغ-/95روپے فیس وصول کی جائے گی۔

(iii) ایسے امیدواران جو قبل ازیں امتحانات میں شمولیت اختیار کرتے ہوئے سند فیس جمع کرواچکے ہیں اب وہ سند فیس سے مستثنیٰ ہوں گے۔

(iv) تین گناہ فیس کا شیڈول ختم ہونے کے بعد مبلغ-/500 یا -/100روپے یومیہ جرمانہ کے ساتھ داخلہ فارم جمع کروانے والے امیدواران کا امتحانی مرکز بورڈ قوانین کے مطابق تحصیل ہیڈکوارٹر ہوگا۔

(v) کمپارٹمنٹ کی صورت میں امتحان دینے پر متعلقہ گروپ ﴿سائنس/آرٹس﴾ کی پوری داخلہ فیس وصول کی جائیگی۔

(جاری ہے)

Atta
17/01/26

**﴿2﴾ پرائیویٹ امیدواران متوجہ ہوں کہ:۔**

(i) بہاول پور بورڈ کے زیر اہتمام پرائیویٹ امیدواران کو یہ سہولت دی گئی ہے کہ وہ بورڈ کی ویب سائٹ www.bisebwp.edu.pk پر اپنے داخلہ فارم آن لائن سسٹم کے تحت فیڈ کرنے کے بعد داخلہ فارم اور فیس چالان کی ہارڈ کاپی کا پرنٹ حاصل کر سکتے ہیں۔

(ii) آن لائن پرنٹ شدہ داخلہ فارم اپنی رہائش کے قریب ترین کسی بھی گورنمنٹ/الحاق شدہ کالج/ہائیر سیکنڈری سکول کے پرنسپل سے تصدیق کروا کر اور مجوزہ فیس بذریعہ UBL بینک، 1 Bill، Easy Paisa یا Jazz Cash جمع کروا کر اصل داخلہ فارم واصل فیس چالان بمع CPR(Computerized payment receipt) مقررہ شیڈول کے اندر **اسسٹنٹ کنٹرولر انٹرمیڈیٹ (امتحانات)، بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، بہاول پور** کو ارسال کریں گے۔

(iii) شیڈول/امتحانات سے متعلق تمام تر معلومات بورڈ کی ویب سائٹ "www.bisebwp.edu.pk" سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

سیکریٹری

کاپی برائے اطلاع/ضروری کارروائی۔

(1) جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات (کالجز/ہائیر سیکنڈری سکولز/کامرس کالجز)، واقع حدود تعلیمی بورڈ بہاول پور۔

(2) ڈائریکٹر تعلیم (کالجز)، بہاول پور ڈویژن، بہاول پور۔

(3) ممبران بورڈ، چیف ایگزیکٹو آفیسر (سیکنڈری) اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (کالجز) ضلع بہاول پور، بہاولنگر، رحیم یار خان۔

(4) جملہ افسران/برانچ انچارجز/PRO بورڈ ہذا۔

(5) مینجر، UBL بورڈ برانچ (مہربانی فرما کر بورڈ کی حدود میں واقع UBL کی تمام برانچز کو نوٹیفکیشن ہذا سے فوری طور پر آگاہ فرمائیں تاکہ شیڈول اور مجوزہ شرح کے مطابق داخلہ فیس و دیگر فیس وصول کی جا سکے)۔

(6) سسٹم اینالسٹ (برائے بورڈ ویب سائٹ)/نوٹیفکیشن فائل۔

17/01/2026.

پی اے/انچارج میٹنگ